تیمم کیا ہے اور کب کیا جاتا ہے؟

مجیب: مولانا سید مسعود علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1001

تاریخ اجراء: 24ذوالحجۃالحرام1444ھ /13جولائی2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

تیمم کیاہے اور یہ کب کیا جاتا ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

تیمم، غسل اور وضو کی طرح پاکی حاصل کرنے کا ایک طریقہ ہے۔ تیمم کی اجازت اس وقت ہے جب کسی شرعی عذر کے سبب پانی استعمال نہ کر سکتے ہوں، مثلاً: کسی ایسی جگہ ہیں جہاں دور دور تک پانی موجود ہی نہیں ہے یا پانی تو موجود ہے لیکن پانی استعمال کیا تو بیماری بڑھ جائے گی وغیرہ۔ شرعی عذر کون کون سے ہیں اس کی تفصیل کتبِ فقہ میں درج ہے۔

تیمم کا طریقہ درج ذیل ہے:

تیمم کی نِیَّت کیجئے (نِیَّت دل کے اِرادے کا نام ہے، زَبان سے بھی کہہ لیں تو بہتر ہے۔ مَثَلًا یوں کہئے: بے وُضوئی یا بے غُسلی یا دونوں سے پاکی حاصل کرنے اور نماز جائز ہونے کے لئے تیمم کرتا ہوں) "بسم اللہ" پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی اُنگلیاں کشادہ کر کے کسی ایسی پاک چیز پر جو زمین کی قِسم (مَثَلًا پتّھر، چُونا، اینٹ، دیوار، مٹّی وغیرہ) سے ہو مار کر لَوٹ لیجئے (یعنی آگے بڑھایئے اور پیچھے لایئے)۔ اور اگر زِیادہ گرد لگ جائے تو جھاڑ لیجئے اور اُس سے سارے مُنہ کا اِس طرح مَسح کیجئے کہ کوئی حِصّہ رہ نہ جائے اگر بال برابر بھی کوئی جگہ رَہ گئی تو تیمم نہ ہوگا۔

پھر دوسری بار اسی طرح ہاتھ زمین پر مار کر دونوں ہاتھوں کا ناخنوں سے لے کر کُہنیوں سمیت مَسح کیجئے، اس کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ اُلٹے ہاتھ کے انگوٹھے کے علاوہ چار انگلیوں کا پیٹ سیدھے ہاتھ کی پُشت پر رکھئے اور انگلیوں کے سِروں سے کُہنیوں تک لے جایئے اور پھر وہاں سے اُلٹے ہی ہاتھ کی ہتھیلی سے سیدھے ہاتھ کے پیٹ کو مَس کرتے ہوئے گٹّے

تک لائیے اور اُلٹے انگوٹھے کے پیٹ سے سیدھے انگوٹھے کی پشت کا مَسح کیجئے۔اسی طرح سیدھے ہاتھ سے اُلٹے ہاتھ کا مسح کیجئے۔

اور اگر ایک دم پوری ہتھیلی اور اُنگلیوں سے مسح کر لیا تب بھی "تیمم" ہو گیا چاہے کُہنی سے اُنگلیوں کی طرف لائے یا اُنگلیوں سے کُہنی کی طرف لے گئے مگر سُنَّت کے خِلاف ہوا۔یادرہے کہ تیمم میں سر اور پاؤں کا مسح نہیں ہے۔

(ماخوذ از فیضان نماز، صفحہ 16، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net